# SECOND YEAR FIRST TERMINAL EXAMINATION - AUGUST 2025

## Part - II URDU

Time: 2.30 Hr                                                                 Marks: 80

---

**1 سے 8 تک کے سوالوں میں سے کسی 7 کے جواب میں ایک ایک لفظ لکھیے۔** (7x1=7)

۱۔ شاعرِ مشرق کے نام سے کون مشہور ہے؟

۲۔ ہندوستان کی پہلی بولتی فلم کونسی ہے؟

۳۔ کسی ایک رباعی گو شاعر کا نام لکھیے؟

۴۔ گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ کسی ایک شاعر کا نام لکھیے؟

۵۔ ہیلن کیلّر کی استانی کا نام لکھیے؟

۶۔ فلم 'مغلِ اعظم' کی بنیاد ایک ڈراما سے ہے۔ وہ کون سی ہے؟

۷۔ ہیلن کیلّر کی آپ بیتی کا نام لکھیے؟

۸۔ انیسؔ کی رباعیوں کے مجموعے کا نام لکھیے؟

**9 سے 13 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم دو جملوں میں لکھیے۔** **(4x2=8)**

۹۔ اردو کے کسی دو غزل گو شعراء کے نام لکھیے؟

۱۰۔ فلم مغلِ اعظم کی کوئی ایک مکالمہ لکھیے؟

۱۱۔ علاّمہ اقبالؔ کے کسی دو مجموعے کلام کے نام لکھیے؟

۱۲۔ نیچے دیے گئے جملے سے فعل، فاعل اور مفعول الگ کر کے لکھیے؟

ماں باپ کو مجھے تعلیم دلانے کا بے حد شوق ہوا۔

۱۳۔ 'فلم مغلِ اعظم' میں شہنشاہ اکبر کے دربار میں رقص کرنے والے دو کنیزوں کے نام لکھیے؟

**14 سے 19 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم از کم چار جملوں میں لکھیے۔** **(5x4=20)**

۱۴۔ ؎ تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

اس شعر کے ذریعہ شاعر کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

۱۵۔ رباعی کی خصوصیت کیا کیا ہیں؟ کم سے کم چار نکات پیش کیجیے؟

۱۶۔ علاّمہ اقبالؔ کے بارے اپنے معلومات فراہم کر کے لکھیے؟

۱۷۔ فرض کیجیے کہ آپ کے اسکول میں ایک فلم فیسٹیول (Film Festival) منعقد ہونے والا ہے۔اس کے لیے ایک نوٹیس تیار کیجیے؟

۱۸۔ ذیل کے شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے؟

جستجو جس کی تھی اس کو تو نہ پایا ہم نے
اس بہانے سے مگر دیکھ لی دنیا ہم نے

۱۹۔ ایک پروگرام میں اپنے آپ تعارف کرانے کا موقع مل گیا تو آپ کیا بتائیں گے؟ مختصر طور پر لکھیے۔

**20 سے 24 تک کے سوالوں میں سے کسی 6 کے جواب کم ازکم چھ جملوں میں لکھیے۔** **(4x6=24)**

۲۰۔ ذیل کی رباعی کا مطلب اپنے الفاظ میں بیان کیجیے؟

مٹی سے بنا ہے دل کو تو سنگ نہ کر
ہر بات پہ معترض نہ ہو، جنگ نہ کر
منظور اگر ہے جادلوں میں اے دوست
بہتر ہے کہ دشمن کو بھی دل تنگ نہ کر

۲۱۔ ہیلن کیلّر نے اپنی زندگی دوسروں کے لیے وقف کر دی تھی۔ایسا کوئی دوسرے شخصیت پر چند جملے لکھیے۔

۲۲۔ فلم 'مغلِ اعظم' کے پسندیدہ کردار کے بارے میں اپنے خیالات واضع کیجیے؟

۲۳۔ چند لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ جو اپنے زندگی دوسروں کے لیے صرف کر دیتی ہیں۔ایسے کسی ایک شخص کے بارے میں لکھیے؟

۲۴۔کسی ایک غزل گو شاعر کے بارے میں اپنے معلومات فراہم کیجیے؟

**25 سے 28 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم ازکم سات جملوں میں لکھیے۔** **(3x7=21)**

۲۵۔ فلم مغلِ اعظم کی کہانی اپنے الفاظ میں لکھیے؟

۲۶۔ غزل اردو زبان کی آبرو ہے۔غزل کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟

۲۷۔ ہندوستانی فلموں میں اردو زبان کو گہرا اثر ہے۔اردو زبان کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے؟

۲۸۔ آپ کی زندگی میں ایسے کئی واقعات ہوئے ہوں گے جو کبھی نہیں بھول سکتے۔ایسا ایک واقعہ بیان کیجیے۔